# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday the February 21, 2025
(346th Session)
Volume II, No.05
(Nos.01-05)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume II | SP.II (05)/2025 |
| No.05 | 15 |

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ....................................................................4
2. Fateha ..........................................................................................................5
3. Point of Order raised by Senator Syed Shibli Faraz regarding House Proceedings ..................................................................................................6
4. Point of public Importance raised by Senator Saadia Abbasi with reference to a news published in The Daily Dawn regarding increase of salary of NEPRA Chairman and officials without approval of Cabinet Division.......................................................................................................15
5. Point of Public Importance raised by Senator Danesh Kumar, regarding targeted killing of Hindus in the three districts of Sindh ........................16
6. Point of Order raised by Senator Saifullah Abro regarding suspension of PTI Senators from House proceedings.....................................................17
7. Motion under Rule 363 moved for dispensation of rules.......................21
8. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs regarding appointments in Ministry of Foreign Affairs on deputation basis during the last five years ...............22
9. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023 ..........................................................................................................23
10. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights regarding report of the Committee on the ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024...............23
11. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Article 51) .24
12. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Substitution of Article 140A and amendment of Article 160) ..............................................................25
13. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Articles 1,51,59,106, 154, 175A, 198 and 218)....................................................25
14. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Article 62) ..26
15. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Family Courts (Amendment) Bill, 2024.............................................26
16. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2025...............................................27

17. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2025 .................................. 27
18. Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [the Federal Supervision of Curricula Text-Books, and Maintenance of Standards of the Education (Amendment) Bill, 2024] ............................ 28
19. Motion Under Rule 194 (1) moved by Chairman Standing Committee on Railways regarding steps taken by the Government to control corruption in the Railways ....................................................................... 29
20. Motion Under Rule 194 (1) moved by Chairman Standing Committee on Railways regarding suffering of loss of Rs. 55 Billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023 ........................................................ 30
21. Motion Under Rule 194 (1) moved by Chairman Standing Committee on Railways regarding the details of train accidents took place in the country during the last five years ............................................................ 30
22. Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Special Technology Zones Authority (Amendment) Bill, 2025] .................................................................................................. 31
23. Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of section 5) .............................................................................................. 31
24. Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Abandoned Properties (Management) (Amendment) Bill, 2024] .......................................................................... 32
25. Presentation of Report of the Standing Committee on Finance and Revenue [The Income Tax (Amendment) Bill, 2025] .............................. 32
26. Motion moved for consideration and adoption of recommendations made by the Committee on [The Income Tax (Amendment) Bill, 2025] 33
27. Laying of the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024 (Ordinance No. XI of 2024) ...................................................................... 33
28. Point of public importance raised by Senator Shahadat Awan regarding the Protest by Federal Secretariat Employees and Closure of Utility Stores ........................................................................................................ 34
    - Senator Sherry Rehman ................................................................. 35
    - Senator Azam Nazeer Tarar ........................................................... 36
    - Rana Tanveer Hussain, Federal Minister for Industries & Production ...................................................................................... 38

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Friday the February 21, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fifty minutes past ten in the morning with Mr. Presiding Officer (Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui) in the Chair.

----------------

**Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ
فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ﴿٦﴾ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ
كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَ زَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ كَرَّهَ
اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَ الْفُسُوْقَ وَ الْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ﴿٧﴾ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ
نِعْمَةً ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٨﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے، تو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم نادانی سے کچھ لوگوں کو نقصان پہنچا بیٹھو، اور پھر اپنے کیۓ پر پچھتاؤ۔ اور یہ بات اچھی طرح سمجھ لو کہ تمہارے درمیان اللہ کے رسول موجود ہیں۔ بہت سی باتیں ہیں جن میں وہ اگر تمھاری بات مان لیں تو خود تم مشکل میں پڑ جاؤ۔ لیکن اللہ نے تمہارے دل میں ایمان کی محبت ڈال دی ہے، اور اسے تمھارے دلوں میں پر کشش بنا دیا ہے، اور تمھارے اندر کفر کی اور گناہوں اور نافرمانی کی نفرت بٹھا دی ہے۔ ایسے ہی لوگ ہیں جو ٹھیک راستے پر آ چکے ہیں، جو اللہ کی طرف سے فضل اور نعمت کا نتیجہ ہے، اور اللہ علم کا بھی مالک ہے، حکمت کا بھی مالک۔

سورۃالحجرات(آیات۰۶تا۰۸)

## **Fateha**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جزاک اللہ۔دنیش کمار صاحب ایک سیکنڈ، before we start our regular agenda the House may offer fateha for the seven passengers killed in Balochistan who were travelling from Quetta to Punjab, after confirming their identity when their bus was ambushed in the Barkhan District. The House may also offer fateha for the Martyrs of security agencies and the law enforcement agencies who laid their lives for the security of the country. شہادت اعوان صاحب آپ فاتحہ پڑھیے۔

سینیٹر شہادت اعوان: (عربی) اے اللہ تعالیٰ ہمارے ملک میں دہشت گردوں کے ہاتھوں بے جا شہید ہونے والوں کے درجات بلند فرما، اللہ تعالیٰ ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطافرما، اللہ تعالیٰ اس قسم کے خوارج یا دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچا، اللہ تعالیٰ میرے ملک پاک کی سرزمین کی حفاظت فرما، اللہ تعالیٰ جو لواحقین ہیں ان کو صبر جمیل عطافرما، آمین۔

(اس موقع پر ایوان میں سانحہ بارکھان کے شہداء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آمین۔ دنیش کمار صاحب اور بلیدی صاحب میری آپ دونوں سے بڑی مودبانہ التماس ہے اگر آپ اس کو شرف قبولیت بخشیں کہ بڑا مختصر سا ہمارا وقفہ سوالات ہے اس کو نمٹ لیں تو پھر آپ دونوں حضرات ضرور بولیئے۔جی دنیش کمار صاحب۔

سینیٹر جان محمد: اس پر بات ہونی چاہیے کہ اس کے پیچھے کون سے عناصر ہیں اور اس پر تحقیقات کیوں نہیں ہو رہی ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بلیدی صاحب آپ تشریف رکھیے، میں اس پر عرض کرتا ہوں۔ آپ نے بڑی اچھی بات کہی ہے، اس پر ضرور بات ہونی چاہیے کہ صوبائی نفرتوں کو بھڑکانے کی یہ ضرور کوشش ہے لیکن اللہ کے فضل و کرم سے پنجاب بھی یہ سمجھتا ہے اور بلوچستان بھی یہ سمجھتا ہے کہ دونوں صوبوں کے درمیان کوئی ایسی منافرت بھی نہیں ہے، کوئی ایسی دوری بھی نہیں

ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ اگر پنجاب کے کچھ افراد نشانہ بنے ہیں تو اس میں بلوچستان کا بحیثیت صوبہ کوئی role نہیں ہے۔ یہ کچھ عناصر ہیں جن کو آپ بھی پہچانتے ہیں، ہم بھی پہچانتے ہیں اور اللہ کے فضل و کرم سے اس طرح کے واقعات ہمارے درمیان دوریاں اور نفرتیں پیدا نہیں کر سکیں گے۔ لیکن آپ چاہیں تو اس پر ضرور ایک Motion لے کے آئیں، ہم اس پر تفصیل سے ان شاءاللہ بحث کر لیں گے، بات کر لیں گے۔ بہت شکریہ جی، شبلی صاحب اگر وقفہ سوالات سے پہلے گفتگو اور تقریریں ہم نے شروع کر دیں، تو میں آپ کو روک اور ٹوک نہیں سکتا۔ آپ سے میرا ذاتی محبت کا ایک رشتہ ہے تو آپ فرمایئے، Leader of the Opposition کھڑے ہیں ان کی بات سن لیتے ہیں، پھر میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔

## **Point of Order raised by Senator Syed Shibli Faraz regarding House Proceedings**

سینیٹر سید شبلی فراز: میں صرف اس بات کی نشان دہی کرنا چاہتا تھا کہ اگر آپ مجھے دو چار منٹ دے دیں کیونکہ کچھ ایسی چیزیں ہیں جن کو بغیر address کیے ہوئے ہمارا کم از کم یہ ماننا ہے کہ House کی proceedings میں ایک تو قانونی اور جو ہمارے Rules ہیں، اس میں ایک بہت بڑا جھول ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ Finance Minister Sahib بیٹھے ہوئے ہیں اور جو سوالات ہیں وہ ان سے متعلقہ نہیں ہیں۔ تو مجھے نہیں معلوم کہ سوالات جوابات کا کیا ہوگا۔

دوسرا یہ کہ correct me because I am not aware of this process, your Secretariat can help you کہ آج آپ صدارت کر رہے ہیں، normally تو یہ ہوتا ہے کہ ایک roster بنتا ہے کہ یہ پریذائیڈنگ آفیسر ہوں گے اور اس کا اعلان ایک Senior Officer کرتا ہے، تو بسم اللہ آپ سے ہی ہوئی ہے تو Rules and Law کے مطابق اس کا status کیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شبلی صاحب! جتنا میں جانتا ہوں اس میں میرا خیال یہ ہے کہ جب Session start ہوتا ہے تو اس دن Panel of Presiding Officers کا اعلان ہو جاتا ہے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: وہ کون کرتا ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہ چیئرمین کرتا ہے یا ڈپٹی چیئرمین کرتا ہے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: وہ ہوا ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل ہوا ہے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: یہ کب اور کس وقت ہوا ہے؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Sessionکے آغاز میں یہ بات ہوئی تھی شاید آپ ایوان میں نہ ہوں اور یہ اسی ترتیب کے مطابق نمبر ایک، نمبر دو، نمبر تین جوavailable ہوتے ہیں وہ Presiding Officer آ جاتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ in orderly manner جو قاعدہ ہے، جواصول ہے اس کے تحت یہ ہوا تھا۔ میری موجودگی پر آپ کو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: In a Legislative Platform اگر آپ اسRuleکا حوالہ دیں تو میں۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب! Rule 14کے تحت۔

سینیٹر سید شبلی فراز: .It's fair enough

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ پہلی sitting کا procedure ہے اور اس کا verbatim موجود ہے۔ "جناب ڈپٹی چیئرمین: السلام علیکم۔ دوست محمد صاحب! پرنس کریم آغا خان کے لیے دعا" یہ ہوا ہے۔ سینیٹر دوست محمد خان، اس کے بعد وہ فرماتے ہیں، میں بیچ کی کارروائی چھوڑ رہا ہوں۔ کارروائی سینیٹ 2012کے قاعدہ 14کے ذیلی قاعدہ (1)کے پیرائے میں سینیٹ آف پاکستان کی 346ویں اجلاس کی کارروائی کے لئے ترجیحی ترتیب سے حسب ذیل اراکین کو پریذائیڈنگ آفیسرز کے طور پر نامزد کرتا ہوں:

1. سینیٹر شیری رحمان۔
2. سینیٹر عرفان الحق صدیقی۔
3. سینیٹر منظور احمد۔"

یہ ہے، اس کے بعد سینیٹر محسن عزیز صاحب کھڑے ہوئے ہیں اور انہیں کہا گیا ہے۔اس کے بعد سینیٹر محسن عزیز صاحب کھڑے ہوئے ہیں اور انہیں کہا گیا ہے کہ آپ تشریف رکھیں۔ سینیٹر سید شبلی فراز لیکن آپ تشریف نہ رکھیں، آپ نے جو کچھ کہنا ہے وہ ضرور کہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب والا! دوسرا میں نے point out کیا ہے کہ آپ جن سوالات کا ذکر کر رہے ہیں، concern ministers تو نہیں ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ تشریف رکھیں۔ شبلی صاحب ابھی ہم وقفہ سوالات شروع کرتے ہیں، جو صورتحال ہے وہ بالکل سامنے آجائے گی۔ Practically دیکھیں تو سوال کرنے والے نہیں ہوں گے اور شاید وزیر صاحب بھی available نہ ہوں۔ دیکھتے ہیں کیا صورتحال ہوگی۔

سینیٹر سید شبلی فراز: لیکن ہمیں ابھی سے ہی نظر آرہا ہے۔ اس پر ہمیں speculate کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ یا Finance Minister صاحب کھڑے ہو کر بتائیں کہ مختلف سوالات کے جوابات جو ہیں چاہے وہ education or health سے ہیں۔ اگر وہ ان سوالات کے جوابات دیں گے تو پھر ٹھیک ہے ہم اس وقفہ سوالات کو دیکھ لیتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Education and Overseas Pakistanis کے حوالے سے مقبول صدیقی صاحب نے جواب دینا ہے وہ تشریف لا رہے ہیں۔ کراچی سے آرہے ہیں راستے میں ہیں وہ پانچ سے سات منٹ تک پہنچ جائیں گے۔ دیکھتے ہیں شروع کر لیتے ہیں، جہاں جہاں پر آپ سمجھتے ہیں اگر کوئی مسئلہ ہے تو پھر ہم آپ کی دل جوئی کے مطابق کر لیں گے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! میری آپ سے request ہوگی کہ جب وقفہ سوالات ختم ہو اور before the Legislative Business begins there is hardly any Legislative business but nevertheless there is an agenda. جیسے ہی سوالات ختم ہوں تو مجھے چار سے پانچ منٹ بولنے کا موقع دیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: So may we start with? According to Rule, Is it possible? ایک proposal ہے کہ اگر ہم وقفہ سوالات کو تھوڑی دیر کے لیے ملتوی کر کے باقی business پر آجائیں اور باقی business جوں ہی ختم ہو یا in between, اگر آپ اجازت دیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب والا! چونکہ وزراء نہیں ہیں۔ اگر آپ مجھے چار سے پانچ منٹ بولنے کی اجازت دیں تو اس کے بعد بے شک آپ uninterrupted House کا پورا Business چلا سکتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بولیں، جناب قائد حزب اختلاف صاحب۔

سینیٹر سید شبلی فراز:- First of all thank you very much, Irfan-ul-Haq Siddiqui Sahib! ہمارا پارلیمانی سال ختم ہونے کو ہے۔ میرے خیال سے اگر ایوان prorogue نہیں ہو رہا اور سنا ہے کہ آج ایوان prorogue ہو رہا ہے۔ میرے خیال سے ہم اس کا ایک تقابلی جائزہ لیں گے، ہمارا پچھلا پارلیمانی سال جو ختم ہوا ہے یا ختم ہونے کو ہے۔ اس میں ہم اس کی تفصیلات بیان کریں گے کہ اس ایک سال میں کیا ہوا اور کیا نہیں ہوا؟

جناب والا! آج میں صرف یہ ذکر کرنا چاہتا ہوں جو ہمارے پچھلے تین سے چار sessions ہوئے ہیں اور اس سے پہلے چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی صاحب کا ایوان کو preside نہ کرنا، میری نہ تو ان سے کوئی بات ہوئی اور نہ ہی مجھے اس کا علم ہے۔ اس پر پیپلز پارٹی کی پارلیمانی لیڈر روشنی ڈال سکتی ہیں کہ وہ ایوان میں نہیں آ رہے ہیں۔ ہماری سمجھ میں جو آتا ہے اور ہم نے ادھر ادھر سے جو سنا ہے۔ بنیادی طور پر اس ایوان نے، اس ایوان کے ایک ممبر سینیٹر اعجاز چوہدری کا production order issue کیا تھا جس میں ، جناب والا! باتیں بہت ہو رہی ہیں۔ اس میں ان کا ایوان سے غیر حاضر ہونا سمجھ میں تو آتا ہے، یوسف رضا گیلانی صاحب نے production order issue نہیں کیا تھا، انہوں نے بحیثیت Chairman Senate of Pakistan, production order issue کیا تھا۔ جب وہ issue کرتے ہیں تو ہم سب کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اگر سینیٹر شیری رحمان .would appreciate

بات یہ ہے کہ جو chair ہوتی ہے، عزت chair کی ہوتی ہے جس طرح ہماری گاڑیوں پر جھنڈے لگے ہوتے ہیں یا ranks لگے ہوتے ہیں، I have been an Ex-Air force, I understand this fully کہ salute is not for the person, it's for the rank and it's for the flag. کچھ لوگوں میں غلط فہمیاں بھی آ جاتی ہیں کہ شاید یہ salute مجھے ہو رہا ہے۔

جناب والا! اتنے لمبے عرصے تک ان کا ایوان کو preside نہ کرنا بڑی تشویش کا باعث ہے۔ وہ ایک سیاسی شخص ہیں، ایک جمہوری شخص ہیں، اس ملک کے سابقہ وزیر اعظم اور سپیکر بھی رہ چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی قسمت میں تمام عہدے دیے جس میں ان کی قسمت اور اپنی محنت بھی شامل ہے لیکن وہ House میں نہیں آ رہے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ تھی اس وقت چاہے وہ مانیں یا نہ مانیں، وہ اس ایوان کی عزت، اس ایوان کی توقیر، اس ایوان کا جو مقام ہے اس کے لیے خاموشی سے وہ لڑ رہا ہے۔ بعض اوقات خاموش رہنا زیادہ بنسبت شور کرنے کے powerful ہوتا ہے۔ Production orders یعنی چیئرمین سینیٹ کے production orders پر عمل نہ ہونا بڑی باعث تشویش بات ہے۔ پنجاب حکومت نے ان orders کو flout کیا، ان orders کی بے توقیری کی۔ دوسرے لفظوں میں اس ایوان کی بے توقیری کی ہے جس میں treasury and opposition سب شامل ہیں۔ اس بات پر ہم ان کے ساتھ پوری طرح سے کھڑے ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس کا تدارک ہونا چاہیے۔ وقت کے ساتھ ساتھ ان کو address نہ کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ وہ چیز ختم ہو گئی because وہ چیز رہتی ہے، record پر رہتی ہے۔

دوسری بات۔ جب وہ نہیں آئے تو پھر یہاں پر ڈپٹی چیئرمین صاحب بیٹھے ہیں۔ پورے ایک سال میں ہماری پوری کوشش رہی کہ ہم ان کو support کریں کیوں کہ جس طرح سے وہ ایوان چلاتے تھے تو ہمیں یہ بات تو عیاں تھی کہ ان کو قوانین کا یا اس ایوان کی جو traditions ہیں، شاید وہ اس پر پورا ادراک نہیں رکھتے اور وہ سب نے دیکھا کوئی خاموشی سے بات کریں یا کوئی زور سے کریں لیکن یہ fact ہے۔ ہم ان کو support کرتے رہے کہ ٹھیک ہے وہ ہمارے ایک ڈپٹی چیئرمین ہیں اور ان کا بلوچستان صوبے سے تعلق ہے۔ ہم ان کی زیادہ عزت بھی کرتے تھے اور ان کو support بھی کرتے تھے۔ However ہم نے دیکھا ان کا جو رویہ تھا it is just not the incident that took place one or two days ago. His general attitude towards opposition in particular was very antagonistic. اب جب chair ہوتی ہے، ابھی اس وقت جو عرفان صدیقی صاحب ہیں وہ PML (N) کے ہیں لیکن وہ PML (N) کے طور پر behave نہیں کر سکتے کیوں کہ یہ جو seat ہے جو مقام ہے یہ ایک پورے House کے custodian کے طور پر پورے ایوان

کوunbiased طریقے سے ایک Order میں رکھنا ہے۔ یہ ایک بنیاد حق ہوتا ہے جس طرح کوئی جج بیٹھ جاتا ہے تو پھر وہ کسی پر ذاتی جملے نہیں کستا، وہ قانون اور آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے طور طریقے سے چلاتا ہے۔ لیکن ہم نے یہ دیکھا کہ ان کا رویہ روز بروز بڑاaggressive ہوتا جارہا ہے اور بڑا متنازعہ ہوتا جارہا ہے۔ ان کے جو remarks ہیں وہ بڑے چبھتے ہیں۔ وہ House کے decorum کے against بھی جاتا ہے، اس منصب کے against بھی جاتا ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی مجھے معلوم ہے۔ جب جناب قائد حزب اختلاف صاحب کی گفتگو ختم ہو گی تو پھر ان شاء اللہ تعالیٰ۔

سینیٹر سید شبلی فراز: نہیں بچوں کو واپس نہیں جانا چاہیے، آپ کو ٹھہرنا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کو ہم بہت خوش آمدید کہتے ہیں، آپ کو اتنی جلدی نہیں جانا چاہیے۔ ہمارے عزیز بچے بلوچستان residential college Loralai سے آئے ہیں، ہم انہیں ایوان میں welcome کرتے ہیں ہمارے عزیز بچے آئے ہیں۔ ہم انہیں House میں بہت welcome کرتے ہیں اور خوش آمدید کہتے ہیں اور ہم توقع رکھتے ہیں کہ آپ تھوڑا اور وقت ہمارے ساتھ گزاریں گے۔ بہت شکریہ۔

*(The Chair recognized the presence of a group of students from Balochistan Residential College Loralai, Balochistan)*

*(Desk Thumping)*

سینیٹر سید شبلی فراز: جی میں تین منٹ میں بات ختم کرتا ہوں۔ تو جب Bill آیا تو جو ان کا latest طور طریقہ تھا، اس سے پہلے Leader of the Opposition کو تقریر نہیں کرنے دی اور ایک بدمزگی پیدا ہوئی۔ یہ ہے نمبر ایک۔ اس کے بعد چونکہ ابھی time کم ہے اور میں نے آپ سے یہ عہد کیا ہوا ہے کہ میں مختصر بولوں گا، وہ تھا کہ جب یہاں پر ایک Bill پیش کیا گیا۔ جناب اعلیٰ! اب وہ Bill House کی Standing Committee میں discuss ہوا اور پھر approve ہوا۔ پھر وہ یہاں lay ہوا اور اس پر voting کروائی گئی۔ Voice ہوئی، پھر اس پر شک تھا تو پھر physical voting ہوئی۔ اس کے بعد ایک عجیب سا سلسلہ شروع ہو گیا۔ میں

جس میں یہ سمجھتا ہوں کہ سینیٹ کے ہمارے دوست یہاں بیٹھے ہیں جن کو میں بہت عرصے سے جانتا ہوں اور بہت competent لوگ ہیں لیکن اس دن جو ہوا کہ results کو announce نہیں کیا گیا، وہ ایک unfinished agenda ہے۔ جس طرح بھی ہو لیکن اس کو finality پر جانا ہے کیونکہ آپ اس کو ایک fluid situation پر نہیں چھوڑ سکتے۔ آپ نے اس کو address کرنا ہے،

this way or that way you have to address it. You can't just because you are sitting up there, and you can flout all the rules, all the regulations, all the principles. Democratic spirit

کو تو آپ چھوڑ ہی دیں، آپ اس پر کریں۔ وہ نہیں ہوا۔

اب protest کرنا تو ہمارا حق بنتا ہے جو ہم نے کیا۔ اُس protest پر انہوں نے جو language اختیار کی اور جو انہوں نے اشارے کیے، اس پر مجھے افسوس ہے۔ دیکھیں، کل آپ لوگ اِدھر بیٹھے ہوں گے، Opposition کے علاوہ کسی نے protest نہیں کیا تو وہ بے عزتی ہوئی۔ کیا ہم سینیٹر نہیں ہیں؟ وہ بے عزتی جس میں آپ Opposition کے Senators کو یہ اشارہ کرتے ہیں کہ آپ بھونک رہے ہیں، ہم اس کی اور کوئی بھی تشریح نہیں لے سکتے کہ آپ کا اس اشارے سے کوئی اور مطلب تھا۔ وہ چیٹنگ کی تو بات تھی ہی نہیں کہ انہوں نے یہ کیا۔

پھر انہوں نے subsequent day پر ہماری ایک خاتون سینیٹر کے بارے میں غیر شائستہ زبان استعمال کی۔ پھر بجائے اس کے کہ اس کا تدارک کرتے، اس کی video footages موجود ہیں اور ہمارا plan ہے کہ ہم اس کے بارے میں آپ کو بتائیں گے اور شاید آپ کے علم میں نہیں ہے، تو یہاں کی proceedings, میں باہر کی بات نہیں کر رہا، اس کرسی میں بیٹھتے ہوئے انہوں نے جو کلمات ہماری خاتون سینیٹر فلک ناز کے بارے میں ادا کیے وہ میرا خیال ہے کہ اس House کی، جیسا کہ میں کہہ رہا ہوں ہمارا پارلیمانی سال اَب ختم ہونے کو ہے، تو اس لیے اُس کو ذہن میں رکھنا چاہیے تھا اور ساتھ ساتھ بجائے اس کے کہ وہ کوئی مرہم رکھتے، وہ apologetic ہوتے اور ان کو پتا تھا کہ وہ جو کر رہے ہیں وہ غلط کر رہے ہیں، انہوں نے ہمارے تین Senators

جن میں سینیٹر فلک ناز ، سینیٹر عون عباس اور سینیٹر محمد ہمایوں مہمند شامل ہیں، ان کو suspend کر دیا۔

آپ کیا سمجھتے ہیں کہ اس سے House کا ماحول بہتر ہوگا۔ یہ کسی کی بھی کوئی ذاتی جاگیر تو نہیں ہے۔ Even میں جو یہاں کھڑا ہوں تو یہ ایک پارٹی کی امانت ہے جس نے مجھے ایک خاص مقررہ مدت کے لیے elect کیا ہے۔ تو میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ میری ذاتی جاگیر ہے۔ اِسی طرح جوں جوں آپ اوپر جاتے ہیں تو آپ پر قانون کی عمل داری کی ذمہ داری بڑھتی جاتی ہیں۔ تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ

while ending my speech, I would just request the House to put it on record that these demands of the Opposition have to be fulfilled because if they are not fulfilled, the House will never retain its sanity and normal business.

وہ کیا ہے، پہلے نمبر پر یہ کہ جو Bill pass ہوا تھا اس کے results کو announce کیا جائے۔ وہ ایک ایسا Bill تھا جو ہمارے خاص طور پر دو صوبے بلوچستان اور خیبر پختونخوا، کے لوگوں سے متعلق تھا جس کے لیے میں اُن تمام سینیٹر صاحبان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس سے یہ show ہوتا ہے کہ وہ اپنے صوبے کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اس بات کی طرف ہم نہیں جاتے کہ خیبر پختونخوا کے Senators کو deny کیا جا رہا ہے اور اس صوبے کے right کو deny کیا جا رہا ہے اور اس وقت خیبر پختونخوا کے علاوہ باقی صوبوں کے لوگ یہاں موجود ہیں اور ان گیارہ Senators کی یہاں representation نہیں ہے۔ آپ پھر کیسے اپنے آپ کو House of the Federation کہہ سکتے ہیں۔ اب اس Bill کو منطقی انجام تک پہنچانا چاہیے۔

Secondly, Deputy Chairman should apologize for disrespecting fellow Senators. Thirdly, that all Senators who have been suspended, they should be restored, and I think that they also demand and merit that they should be apologized to, and you should correct this excess that have been committed to our Senators. Thank you very much.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : قائد حزب اختلاف صاحب ! آپ کے جو تین مطالبات ہیں وہ record پر آگئے ہیں اور اس پر secretariat اور چیئرمین صاحب یقیناً غور کریں گے اور اس پر جو بھی ردِ عمل ہو گا اس سے آپ کو آگاہ کیا جائے گا لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ آپ نے اپنی گفتگو میں سید یوسف رضا گیلانی صاحب کو جو خراج تحسین پیش کیا، وہ اسے genuinely deserve کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں میری ایک تجویز ہے کہ آپ کی سرکردگی میں ہم تمام پارلیمانی لیڈران ان سے مل کر request کریں کہ اگر کسی اور ادارے نے یا حکومت نے اُن کی بات کو وزن نہیں دیا تو وہ اُن سے تو بے شک ناراض ہوں لیکن یہ House ان کا اپنا ہے، اس House کے وہ custodian ہیں، اس House میں وہ آئیں اور بطور چیئرمین اگر ان کی کوئی دل آزاری ہوئی ہے تو ہم آپ کی سربراہی میں جا کر ان سے request کر سکتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ وہ ہماری request کو سنیں گے اور House میں واپس آئیں گے اور ان کا جو بطور چیئرمین کردار ہے، وہ ادا کریں گے۔ پھر جیسا ان کا مزاج ہے، ان کی طبیعت ہے اور ان کا experience ہے، تو اس سے یہ House ان شاء اللہ زیادہ بہتر طریقے سے چل سکے گا۔ بہت شکریہ جی۔

میڈم سعدیہ عباسی بہت پہلے سے کہہ رہی ہیں، میں پہلے ان کی بات سن لوں پھر اس کے بعد آپ کی بات بھی سنتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جی ابڑو صاحب ! میں آپ کو بھی بولنے کا موقع دوں گا۔ انہوں نے بڑے اچھے طریقے سے اپنے مطالبات، اپنے concerns اور اپنی demands پیش کر دی ہیں جو record پر آگئی ہیں۔ جی سعدیہ صاحبہ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : ابڑو صاحب ! میں نے میڈم سعدیہ عباسی صاحبہ کو floor دیا ہے۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب آپ تشریف رکھیں۔ جی میڈم۔

**Point of public Importance raised by Senator Saadia Abbasi with reference to a news published in The Daily Dawn regarding increase of salary of NEPRA Chairman and officials without approval of Cabinet Division**

سینیٹر سعدیہ عباسی: شکریہ جناب چیئر مین! ۷ فروری کے The Dawn اخبار میں یہ خبر لگی ہے کہ Top NEPRA officials hike salaries without Cabinet nod اور چونکہ اس کا کوئی denial نہیں ہے تو اس خبر میں یہ کہ بتایا گیا ہے کہ Chairperson and the members of the regulatory authority normally کوئی آٹھ لاکھ روپے تنخواہ لیتے ہیں۔ NEPRA کے officials نے اپنی تنخواہوں کو بڑھا کر تقریباً تیس لاکھ روپے تک لے گئے ہیں اور ایسا انہوں نے Cabinet کی approval کے بغیر کیا ہے۔ یہ چونکہ regulatory authority ہے اور regulatory authority کو Cabinet Division دیکھتا ہے۔ تو میری آپ سے request ہے کہ اس کا Cabinet Division سے جواب لیا جائے اور ان کو یہ بھیجا جائے کہ انہوں نے یہ ایسا قدم کیوں اٹھایا ہے اور کس کی اجازت سے یہ کیا کیونکہ it is a sheer violation of the Law. اسی طرح یہ officials and regulatory bodies حکومت کی approval کے بغیر اپنی تنخواہیں بڑھاتے رہے تو پھر اس ملک میں کام چلانا بہت مشکل ہے۔ ہم ایک طرف سے cost cutting کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف یہ اپنی تنخواہیں بڑھا رہے ہیں۔ جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! اس چیز کو Cabinet Division کے حوالے کیا جائے اور ان سے اس کا جواب لیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ! جی ٹھیک ہے اور آپ اس پر کوئی instrument لے آئیں گی تو پھر ایوان اس پر کوئی اپنی رائے دے گا یا recommendation دے گا۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب! آپ اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، اس طرح کمیٹی کے حوالے نہیں کریں گے، آپ in writing proposal لے آئیں، ہم اس کو discuss کریں اور اس کے بعد کمیٹی میں جانا ہے تو کمیٹی میں چلا جائے گا۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب! یہ proposal نہیں ہے، یہ ایک blatant violation ہے rules کی، اس پر بات بھی نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ دیکھیں کہ اس طرح اخباروں میں خبریں آتی ہیں، اگر ہم خبروں کی بنیاد پر کمیٹیوں کو engage کرنے لگیں تو بڑا مسئلہ ہو جائے گا۔

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب! اس کا کوئی denial نہیں آیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کوئی instrument لے آئیں تو ہم اس کو دیکھیں گے۔ آپ کا شکریہ۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

## **Point of Public Importance raised by Senator Danesh Kumar, regarding targeted killing of Hindus in the three districts of Sindh**

سینیٹر دنیش کمار: آپ کا بہت بہت شکریہ۔ جناب! میں کافی دنوں سے کوشش کر رہا تھا لیکن time نہیں مل رہا تھا۔ جناب! آپ سے گزارش ہے کہ گزشتہ چند دنوں سے ہماری اقلیتی برادری کو سندھ کے تین اضلاع میں target بنایا جا رہا ہے جس میں گھوٹکی، کندھ کوٹ اور لاڑکانہ ہے۔ گزشتہ 9 دنوں میں سنتوش کمار کو قتل کیا گیا، اسی طرح سنجے کمار کو لاڑکانہ میں قتل کیا گیا اور شہداد کوٹ میں تاجروں کو لوٹا گیا ہے جو ہندو برادری کے تھے، ان کو زخمی کیا گیا ہے۔ گھوٹکی اور کندھ کوٹ میں آئے دن واقعات ہوتے رہتے ہیں جس سے وہاں کی اقلیتی برادری میں ایک خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔

جناب! مجھے پتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اقلیتوں کے لیے کام کیا ہے اور ان کا ہمیشہ خیال رکھا ہے۔ سینیٹر شیری رحمان صاحبہ تشریف فرما ہیں، میری ان سے گزارش ہے کہ اس واقعے کا پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے کہیں اور وہ اس کا notice لیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ سے کہیں کہ براہ مہربانی اس پر کوئی کمیٹی تشکیل دیں کہ اس طرح کیوں ہو رہا ہے۔

جناب! آپ سے ایک گزارش ہے کہ اگر آپ Interior Ministry کو یہاں سے کہیں، rangers بھی ہیں کہ اقلیتی برادری کے ساتھ اس طرح کیوں ہو رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ House of the Federation کی طرف سے ایک اچھا پیغام جائے گا۔ جناب! میں اس پر آپ کی ruling چاہتا ہوں اور اس کے بعد ایک اور مسئلہ ہے، میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دنیش کمار صاحب! آپ تشریف رکھیں اور اب ہم regular business کی طرف آ رہے ہیں۔ آپ نے کراچی کی صورت حال کے حوالے سے جو issue پیش کیا ہے، آپ کا تین اضلاع کے بارے میں جو بھی issue ہے، اس کے بارے میں ایک motion لے آئیں تاکہ اس پر بحث اور بات ہو جائے اور اگر اس کو کمیٹی میں جانا ہے تو وہ issue کمیٹی میں چلا جائے۔ ابھی آپ دوسرا مسئلہ چھوڑ دیں، آپ تشریف رکھیں اور میں آپ کو دوبارہ موقع دوں گا۔

Now, we come to the normal agenda, Order No.3. Senator Sherry Rehman Sahiba, you are Member of the Foreign Affairs Committee please, move Order No.3.

*(Interruption)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! میں آپ کو ضرور موقع دوں گا، آپ کو میری بات پر یقین کر لینا چاہیے۔ ٹھیک ہے، سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب آپ بول لیں۔ Madam sorry, میں سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب کو موقع دے رہا ہوں۔ جی سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! آپ اپنا point مختصر رکھیں۔

## Point of Order raised by Senator Saifullah Abro regarding suspension of PTI Senators from House proceedings

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جی بالکل۔ جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب! آپ کا شکریہ۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ کا یہاں پر بیٹھنا، ہمارے لیے قابل فخر ہے، ہم آپ کی دل سے عزت کرتے ہیں اور ہم امید بھی کرتے ہیں کہ آپ ایوان کی توقیر اور عزت کے لیے without any party affiliation کام کریں گے کیونکہ آپ پہلے بھی ایوان کی کارروائی اچھے طریقے سے چلاتے رہے ہیں۔ میں اتنی التجا ضرور کروں گا کہ ہم جب 2021 میں اس ایوان میں آئے تھے تو ہمیں سننے

کو ملتا تھا کہ جب سے یہ PTI کے لوگ آئے ہیں تو ایوان کا ماحول بہت خراب ہو گیا ہے۔ آپ نے دیکھا کہ جب سے اس tenure میں آپ لوگ آئے ہیں یا جو بھی یہاں پر حکومت آئی ہے، آپ اس ایوان کی مثال دیکھ لیں کہ ہم بات کرنے کے لیے اٹھتے ہیں تو ہمیں وقت نہیں ملتا۔ آپ کی مہربانی ہے کہ آپ نے آج بھائی سینیٹر دنیش کمار اور بہن سینیٹر سعدیہ عباسی کو بھی وقت دیا اور سب کو وقت دیا۔ ہمارے اراکین چاروں صوبوں سے آتے ہیں، اگر ان کو وقت نہیں ملے گا تو آنے کا کیا فائدہ ہے اور ہم اپنے علاقوں کی بات نہیں کر سکیں گے۔

جناب! بات یہ ہے کہ پچھلے 10 دنوں سے اجلاس چل رہا ہے، میرے خیال میں Opposition کے کسی بھی رکن کو بات نہیں کرنے دی گئی اور خاص کر PTI کے کسی بھی Member کو بات نہیں کرنے دی گئی۔ ہمارے Leader of the Opposition نے آپ کے سامنے وہ ساری چیزیں رکھیں کہ واقعات کیا ہوئے، ان کا impact کیا ہوا۔ یہاں پر ایک trend set کیا گیا ہے کہ ہمارے 3 Senators ابھی suspend ہوئے ہیں۔ ان کا کیا قصور تھا؟ ان کو بولنے بھی نہیں دیا گیا، قانون پر عمل بھی نہ کیا گیا جو Authority Chair پر بیٹھی تھی جب bill پر voting ہوتی ہے یا آپ sense of House لیتے ہیں تو آپ اس کا result announce بھی کرتے ہیں۔ آپ بار بار اس کو controversial side پر لے جائیں گے تو اچھا نہیں لگتا تو ہم اپنا آئینی حق استعمال کر رہے تھے اور ہم احتجاج کر رہے تھے۔

جناب! ہمارے 3 Senators سینیٹر فلک ناز، سینیٹر محمد ہمایوں مہمند اور سینیٹر عون عباس کو suspend کیا گیا، کس وجہ سے suspend کیا گیا، کوئی قانون ہو گا ناں، اگر یہ will and dis-will چلے گی۔ اس کا مقصد ہے کہ یہ پہلی مرتبہ سینیٹ میں ہوا ہے، آپ اس سے پہلے آ جائیں، ہم اس واقعے کو ابھی بھلا نہیں پائے جب سینیٹر فلک ناز کو بلاوجہ چند دو سینیٹرز کی demand پر suspend کیا گیا۔ ایک چیز ہوتی ہے کہ آپ inquiry کریں، اگر واقعی وہ concerned Senator کسی بھی عمل میں ملوث ہے جو اس کے لیے suspension کا باعث بنتا ہے تو آپ بے شک suspend کریں۔ چیئرمین صاحب نے کیسے یہ conclude کر لیا کہ میں اس کو ابھی suspend کرتا ہوں، یہ اچھا نہیں ہے، آپ لوگوں کو زیب نہیں دیتا۔ آپ majority میں ہیں، آپ جو bill لائیں گے، وہ pass ہو جائے گا، آپ کی جو بھی خواہش ہو گی، وہ پوری ہو جائے گی،

آپ اگر تھوڑا بہت Opposition کو سنیں گے۔ میرے خیال میں حکومت کی side سے ہمارے دوستوں کی طرف سے جو روایت قائم کی جارہی ہے، یہ نہیں ہونی چاہیے۔ جیسے ہمارے Leader of the Opposition نے کہا ہے، آپ Chair کر رہے ہیں، آپ Senators کو بحال کریں۔ ان کا کیا قصور تھا، اگر ڈپٹی چیئرمین اپنی طرف سے، ہاں اگر آپ announce کریں کہ وہ ڈپٹی چیئرمین نہیں ہیں، یہاں پر بادشاہ سلامت ہیں اور کوئی بندہ ان کے سامنے بول نہیں سکتا تو پھر صحیح ہے۔ مجھے آپ سے امید ہے کہ ہمارے 3 Senators suspend ہوئے ہیں، وہ آپ کے بھی بھائی ہیں، آپ سب کے بڑے ہیں، آج آپ اس Chair پر بیٹھے ہیں، الحمدللہ، ہم کہتے ہیں کہ آپ مستقل اس Chair پر آجائیں۔

جناب! آپ ہمارے Leader of the Opposition سے کہہ رہے ہیں کہ آئیں اور گیلانی صاحب کے پاس چلتے ہیں۔ جناب! آپ دیکھیں کہ گیلانی صاحب نے بڑی روایات قائم کی ہیں، ہم ان کی عزت کرتے ہیں جب وہ Prime Minister تھے، وہ regular ایوان میں آتے تھے۔ آپ دیکھیں کہ یہاں پر ایسی نئی نئی روایات ہیں، ایک یہ روایت قائم کی گئی ہے، شاید میں نے discuss نہیں کی لیکن میں آپ کی information کے لیے تھوڑی بہت discuss کرتا ہوں۔ انہوں نے مجھے کس basis پر disqualification کے لیے Election Commission بھیجا تھا، اس پچاس سالہ تاریخ میں اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی ہے، اگر کوئی سینیٹر آپ کی خواہشات کے مطابق نہ چلے تو آپ ایک بندے سے application دلوائیں، وہ outsider تھا۔ بھائی شہادت اعوان گئے، ان کا کوئی غم نہیں ہے کیونکہ یہ دوست ہیں، میں وہ ختم کرتا ہوں، یہ بھی وہی application لکھ کر گئے۔ Election Commission کو لکھا کہ سینیٹر سیف اللہ ابڑو کو disqualify کر دیں، کس basis پر کہ میں technocrat نہیں ہوں۔ آپ کو خوشی ہونی چاہیے کہ میں آپ کے توسط سے سارے ایوان کے دوستوں کو دعوت دیتا ہوں، میں Civil Engineer ہوں، آپ مجھے کسی بھی کمیٹی میں بٹھائیں، آپ کو خوشی ہوگی کہ ہمارے کسی سینیٹر کو know how ہے، میں technocrat نہیں ہوں، گیلانی صاحب کو کس نے کہا۔

جناب! مجھے آپ سے ایک شکایت ہے، شکایت نہیں ہے بلکہ مجھے دکھ ہے کہ آپ کو کم از کم oppose کرنا چاہیے تھا، ہمارے لیے آپ بہت محترم ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ جو آپ والا واقعہ ہوا تھا، ہم بار بار کہتے ہیں کہ سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب کے ساتھ وہ زیادتی کیوں ہوئی، اتنی بڑی زیادتی ہوئی۔ اس کا مقصد ہے کہ کل جس کی حکومت آ جائے، آپ reference بھیج دیں۔ ادھر قومی اسمبلی کے سپیکر نے reference بھیجا، یہاں پر گیلانی صاحب نے میرے خلاف reference بھیجا، یہ اچھا نہیں ہے، یہ اچھی روایت نہیں ہے۔ میں نے 6 ,5 وکلا کئے، آپ کو پتا ہے کہ وکلا کا کیا حساب ہوتا ہے۔ اس بات کا افسوس ہے کہ آپ ایسی روایات قائم کریں گے تو کل کوئی بھی Opposition نہیں رہے گی۔ یہ مسخرے کی ٹوپی ہے، یہ آج کسی کے سر پر ہے تو کل کسی اور کے سر پر ہو گی۔ میری آپ سے التجا ہے کیونکہ ایوان میں ابھی business کوئی اور نہیں ہے۔ جیسے ہمارے اپوزیشن لیڈر نے بات کی ہے تو آپ kindly ہمارے تین ممبران کو restore کر یں، یہ آپ کا بڑا پن ہو گا اور اس ایوان کی عزت ہو گی۔ نمبر دو، جو ruling ہے، آپ کا سٹاف بیٹھا ہوا ہے اور جنہوں نے counting کی ہے، اس میں ہمارے اپوزیشن کے سارے دوست تھے، حتیٰ کہ حکومت کے پانچ چھ سینیٹرز نے ووٹ دیا ہے، یہ ان سارے سینیٹرز کی توہین ہے۔ آپ اس کو announce کریں اور کم از کم ڈپٹی چیئر مین صاحب! نے جو کیا، یہ کوئی طریقہ نہیں ہوتا۔ جب بھی اپوزیشن لیڈر یا اپوزیشن کے لوگ اٹھ کر بات کرتے ہیں تو وہ بیچ میں ٹوکتے ہیں، یہ آپ کا کام نہیں ہے۔ آپ cross talk کیوں کرتے ہیں؟ جب حکومت کے 62 لوگ بولتے ہیں تو وہ ایک لفظ نہیں بولتے اور جب ہمارے اٹھارہ لوگوں میں سے ایک اٹھتا ہے تو ہمیں ٹوکتے ہیں، وہ نہ ٹوکیں۔

خدا تعالیٰ نے آپ کو عزت دی ہے، آپ کو ڈپٹی چیئر مین بنایا ہے، میں نے نہیں بنایا تو کم از کم اس کا پاس بھی رکھیں۔ باقی فرعون آیا، نمرود آیا، یزید آیا سب ختم ہو گئے، کوئی نہیں بچا تو یہ ڈپٹی چیئر مین کہاں بچے گا۔ یہ دو سال کا time ہے یہ بھی گزر جائے گا۔ ہمارے لوگوں کو restore کریں۔ چیئر مین صاحب جب بھی آئیں، پتا نہیں چیئر مین صاحب ایوان میں تو نہیں آتے لیکن ان کے foreign tours ماشاء اللہ کافی ہیں، ایوان میں وہ preside نہیں کر رہے ظاہر ہے اس میں بے توقیری ہے نہیں، بے توقیری یہاں ہے کہ ہمارے اوپر ایسے بندے کو مسلط کرنا جس کو ایوان چلانا نہیں آتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ آپ تشریف رکھیں۔ جہاں تک آپ نے بات کی ہے میرے personal views کیا ہیں، ان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے لیکن as far as I know ایک ruling جو آ چکی ہو یا ایک decision Chairman, Deputy Chairman, Presiding Officer کسی کی بھی طرف سے آ چکا ہو تو اس کو over rule کرنا یا اس کو undo کرنا میری personal feeling سے ہٹ کر rules اس کو اجازت نہیں دیتے۔ آپ اس طرح کے الفاظ استعمال نہ کریں۔ مہذب طریقے سے گفتگو ہو رہی ہے، وہ ایوان میں نہیں ہیں۔ نہیں نہیں ایسا نہ کریں۔ سینیٹر سید شبلی فراز صاحب آپ بھی ذرا command کریں کہ اس طرح کے الفاظ استعمال نہ ہوں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ کو اس کا اندازہ ہونا چاہیے لیکن ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ہمارے خاص طور پر پہلے جو دو مطالبات میں نے پیش کر دیے ہیں، خاص طور پر آج ہمارے باقی سینیٹرز صاحبان نے اس کا بائیکاٹ کیا ہوا ہے۔ ہم بھی یہ سمجھتے ہیں کہ جب اس کو کسی طریقے سے بھی condemn نہیں کیا جائے گا، اس کو address نہیں کیا جائے گا، اس کو restore نہیں کیا جائے گا، تو ہمارا یہاں پر بیٹھنا میرا خیال ہے اپنے ساتھیوں کے ساتھ نا انصافی ہو گی۔ ان کی solidarity میں جب تک ان چیزوں کے جواب نہیں مل جاتے تو جناب! ہم ایوان سے واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس موقع پر پی ٹی آئی کے اراکین نے ایوان سے واک آؤٹ کیا)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ایک سیکنڈ، جی، سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔

**<u>Motion under Rule 363 moved for dispensation of rules</u>**

Senator Shahadat Awan: I, hereby move under rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the requirement of rule 41 of said rules regarding question hour be dispensed with for today's sitting of the Senate.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The question hour is suspended. Now we come to Order No.03, Senator Sherry Rehman sahiba, please move Order No.03.

سینیٹر شیری رحمان: جی، شکریہ، جناب پریذائیڈنگ آفیسر: صاحب۔

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Foreign Affairs regarding appointments in Ministry of Foreign Affairs on deputation basis during the last five years**

Senator Sherry Rehman: I, on behalf of the Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui move under sub-rule(1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No.24, asked by Senator Danesh Kumar, regarding appointments in Ministry of Foreign Affairs on deputation basis during the last five years, may be extended for a period of sixty working days with effect from 17th February, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.04, Senator Samina Mumtaz Zehri Sahiba, Senator Khalil Tahir sahib, please move Order No.04 on her behalf. I think you are the member of the Committee.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب ! آپ کے آنے سے پہلے اپوزیشن نے اپنی تقریریں خوب کی ہیں۔ میں نے انھیں موقع دیا ادھر کوئی نہیں بولا لیکن ان کو کچھ اعتراضات ہیں، کچھ مطالبات پیش کیے ہیں، کچھ بائیکاٹ کرکے چلے گئے ہیں اگر آپ یا کوئی اور ارکان وہاں جائیں ان سے بات کر لیں، سینیٹر شہادت اعوان صاحب آپ بھی ساتھ چلیں جائیں۔ دو وکلا ہوں گے تو اچھی وکالت کریں گے ماشاءاللہ۔

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023**

Senator Khalil Thair: I, on behalf of Senator Samina Mumtaz Zehri, Chairperson, Functional Committee on Human Rights, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2023, introduced by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur on 20th February, 2023, may be extended for a period of sixty working days with effect from 19th February, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.05, Senator Samina Mumtaz Zehri Sahiba, Senator Khalil Tahir sahib, please move Order No.05 on her behalf

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairperson, Functional Committee on Human Rights regarding report of the Committee on the ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024**

Senator Khalil Thair: I, on behalf of Senator Samina Mumtaz Zehri, Chairperson, Functional Committee on Human Rights, move under sub-rule (1) of the Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024, introduced by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur on

10th June, 2024, may be extended for a period of sixty working days with effect from 19th February, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Now we come to Orders No.6 to 12, it's from Senator Farooq Hamid Naek, of the same nature, please move Order No.06 Senator Shahadat Awan sahib

ہم ان کو collectively لے رہے ہیں۔

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Article 51)**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of the Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Article 51), introduced by Senators Manzoor Ahmed and Danesh Kumar on 1st January, 2024, may be extended for a period of sixty days with effect from 2nd March, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.7, please move Order No.07 Senator Shahadat Awan sahib.

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Substitution of Article 140A and amendment of Article 160)**

Senator Shahadat Awan:I, on behalf of the Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Substitution of Article 140A and amendment of Article 160), introduced by Senator Khalida Ateeb on 26th February, 2024, may be extended for a period of sixty days with effect from 2nd March, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No. 8, please move Order No.08 Senator Shahadat Awan sahib.

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Articles 1,51,59,106, 154, 175A, 198 and 218)**

Senator Shahadat Awan:I, on behalf of the Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Articles 1, 51, 59, 106, 154, 175A, 198 and 218), introduced by Senator Aon Abbas on 10th

June, 2024, may be extended for a period of sixty days with effect from 2nd March, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.9, please move Order No.09 Senator Shahadat Awan sahib.

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Article 62)**

Senator Shahadat Awan:I, on behalf of the Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2024 (Amendment of Article 62), introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 9th September, 2024 may be extended for a period of sixty days with effect from 2nd March, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No. 10, please move Order No.10 Senator Shahadat Awan sahib.

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Family Courts (Amendment) Bill, 2024**

Senator Shahadat Awan:I, on behalf of the Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of

the Committee on the Family Courts (Amendment) Bill, 2024, introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 9th September, 2024, may be extended for a period of sixty days with effect from 2nd February, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.11, please move Order No.11 Senator Shahadat Awan sahib.

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2025**

Senator Shahadat Awan:I, on behalf of the Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Constitution (Amendment) Bill, 2025 (Amendment of Article 27), introduced by Senator Mohammad Abdul Qadir on 20th January, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 20th March, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No. 12, please move Order No.12 Senator Shahadat Awan sahib.

**Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Law and Justice regarding report of the Committee on the Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2025**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of the Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Law and Justice move under sub-rule (1)

of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2025 (Amendment of section 323,330 and 331 of PPC), introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 20th January, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 20th March, 2025.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Thank you. Now I put the motion before the House, regarding Item Nos. 6 to 12.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Now we come to the agenda Item No.13. It is in the name of Senator Bushra Anjum Butt *Sahiba.* On her behalf, Senator Khalida Ateeb *Sahiba.*

**Motion Under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [the Federal Supervision of Curricula Text-Books, and Maintenance of Standards of the Education (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Khalida Ateeb: I, Senator Khalida Ateeb on behalf of Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Federal Supervision of Curricula Text-Books, and Maintenance of Standards of the Education (Amendment) Bill, 2024, introduced by Senator Qurat-Ul-Ain Marri on 9th

September, 2024, may be extended for a period of thirty working days with effect from 18th February, 2025.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.14, Senator Jam Saifullah Khan, please move Order No.14.

**Motion Under Rule 194 (1) moved by Chairman Standing Committee on Railways regarding steps taken by the Government to control corruption in the Railways**

Senator Jam Saifullah Khan: I, Senator Jam Saifullah Khan, Chairman, Standing Committee on Railways move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 1, asked by Senator Shahadat Awan, regarding Steps taken by the Government to control corruption in the Railways, may be extended for a period of sixty working days with effect from 20th February, 2025.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.15, Senator Jam Saifullah Khan, please move Order No.15.

جام صاحب، ایک منٹ رکیں، میں ان بچوں کو خوش آمدید کہہ لوں۔ بلوچستان سے یہ بچے آئے ہیں، ان کے ساتھ ان کے اساتذہ کرام آئے ہیں، ہم انہیں ایوان میں خوش آمدید کہتے ہیں، انہیں welcome کہتے ہیں، وہ ایوان بھی دیکھیں اور اسلام آباد بھی دیکھیں اور enjoy کریں، آپ کو یہاں پا کر ہمیں بہت خوشی ہوئی ہے۔ جی سینیٹر صاحب۔

**Motion Under Rule 194 (1) moved by Chairman Standing Committee on Railways regarding suffering of loss of Rs. 55 Billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023**

Senator Jam Saifullah Khan: I, Senator Jam Saifullah Khan, Chairman, Standing Committee on Railways move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 2, asked by Senator Shahadat Awan, regarding suffering of loss of Rs. 55 Billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023, may be extended for a period of sixty working days with effect from 20th February, 2025.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.16, again Senator Jam Saifullah Khan, please move Order No.16.

Senator Jam Saifullah Khan: Mr. Presiding Officer, there is a typo error in this question, where it says question No.2, it should be read as question No.3. I think it's a typo error from Legislation Branch.

**Motion Under Rule 194 (1) moved by Chairman Standing Committee on Railways regarding the details of train accidents took place in the country during the last five years**

I, Senator Jam Saifullah Khan, Chairman, Standing Committee on Railways move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of

report of the Committee on the subject matter of Starred Question No.3, asked by Senator Shahadat Awan, regarding the details of train accidents took place in the country during the last five years, may be extended for a period of sixty working days with effect from 20th February, 2025.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Now there are certain reports to be laid. Order No.17, Senator Rana Mahmood ul Hassan or anyone from his Committee. Yes Senator Saadia Abbasi *Sahiba.*

**Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Special Technology Zones Authority (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Saadia Abbasi: I, Senator Saadia Abbasi on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat present report of the Committee on a Bill to amend the Special Technology Zones Authority Act, 2021 [The Special Technology Zones Authority (Amendment) Bill, 2025].

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No.18 is in the name of Senator Rana Mahmood ul Hassan, on his behalf Senator Saadia Abbasi please move Order No.18.

**Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of section 5)**

Senator Saadia Abbasi: I, Senator Saadia Abbasi on behalf of Senator Rana Mehmood ul Hassan, Chairman,

Standing Committee on Cabinet Secretariat present report of the Committee on a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024] (Amendment of section 5), introduced by Senator Dr. Afnan Ullah Khan on 9th September, 2024.

Mr. Presiding Officer: The report stands laid. Order No.19 on the name of Senator Rana Mahmood ul Hassan, on his behalf Senator Saadia Abbasi please move Order No.19.

**<u>Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Abandoned Properties (Management) (Amendment) Bill, 2024]</u>**

Senator Saadia Abbasi: I, Senator Saadia Abbasi on behalf of Senator Rana Mehmood ul Hassan, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat present report of the Committee on a Bill further to amend the Abandoned Properties (Management) Act, 1975 [The Abandoned Properties (Management) (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Anusha Rahman Ahmad Khan on 4th November, 2024.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Order No.20 Senator Anusha Rahman Ahmad Khan *Sahiba.* Anybody on her behalf. No member of that Committee is present, so, it is deferred. Then Order No.21 is in the name of Senator Saleem Mandviwalla. Anybody from his Committee? Senator Sherry Rehman *Sahiba.*

**<u>Presentation of Report of the Standing Committee on Finance and Revenue [The Income Tax (Amendment) Bill, 2025]</u>**

Senator Sherry Rehman: I, Senator Sherry Rehman on behalf of Senator Saleem Mandviwalla, Chairman,

Standing Committee on Finance and Revenue present report of the Committee on the Money Bill further to amend the Income Tax Ordinance 2001 [The Income Tax (Amendment) Bill, 2025].

Mr. Presiding Officer: The report stands laid. Now Order No.22 is a motion in the name of Senator Saleem Mandviwalla Sahib. On his behalf Senator Sherry Rehman, please move Order No.22.

**Motion moved for consideration and adoption of recommendations made by the Committee on [The Income Tax (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Sherry Rehman: I, Senator Sherry Rehman on behalf of Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue move that the recommendations on the Money Bill further to amend the Income Tax Ordinance 2001 [The Income Tax (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be considered and adopted.

Mr. Presiding Officer: Now I put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Order No.23 is on the name of Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, on his behalf Senator Azam Nazeer Tarar, please move Order No.23.

**Laying of the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024 (Ordinance No. XI of 2024)**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I on behalf of Minister for Interior wish to lay before the Senate the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024 (Ordinance No. XI of 2024), as required by clause (2) of

Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Ordinance stands laid. It is laid first in the Senate, therefore in terms of paragraph (b) of clause (3) of Article 89 of the Constitution, it will be treated as a Bill introduced in the Senate accordingly. The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

Item No. 24. is in the name of Senator Sarmad Ali. Senator Sarmad Ali Sahib has requested to defer it. So, it is deferred.

Item No. 25. Senator Mohsin Aziz Sahib has also requested to defer it. So, the Item No. 25 is also deferred. Yes, Senator Shahadat Awan Sahib.

**Point of public importance raised by Senator Shahadat Awan regarding the Protest by Federal Secretariat Employees and Closure of Utility Stores**

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! میں آپ سے استدعا کروں گا۔ آج صبح جب ہم نے یہاں پر اس ایوان میں پہنچنا تھا تو ہم مارگلہ روڈ سے ہو کر آئے تو تمام راستے بند تھے۔ گورنمنٹ کے ملازمین وہاں پر جمع ہوئے تھے کیونکہ ان کی pension کا کوئی مسئلہ ہے۔ میرے خیال میں جب بھی democratic Government اس ملک میں برسراقتدار آتی ہے تو ملازمین کا بے تحاشہ خیال رکھا جاتا ہے۔ میں وزراء صاحبان سے استدعا کروں گا کہ وہاں پر چلیں اور ان کا اعتماد بحال کریں تاکہ ریڈزون میں جو امن وامان کا مسئلہ ہے یہ ختم ہو جائے۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ میں یہ بات بھی کروں گا کہ رمضان المبارک کا مہینہ آنے والا ہے۔ ہم ہمیشہ رمضان کے مہینے میں غریب لوگوں کو package دیتے ہیں لیکن ایک بات میں نے میڈیا پر یہ دیکھی ہے کہ یوٹیلیٹی سٹورز کو بند کیا جا رہا ہے۔ ان سٹورز سے غریب لوگوں کو تھوڑا بہت افاقہ مل جاتا تھا۔ ان سٹورز کو بند کیا جا رہا ہے۔ میرے خیال میں حکومت کو اس پر نظر ثانی کرنی چاہیے۔ پہلے سے ہی ملک میں جو مفلوک الحال اور غریب لوگ ہیں جن کو نان نفقے کا مسئلہ چل

رہا ہے تو ان کے لیے کچھ غور کرنا چاہیے۔ حکومت اس پر یقین دہانی کرائے لوگوں کو روزگار دینے کی بجائے ہم لوگوں کو بے روزگار بنا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ غریب عوام suffer کریں گے۔ اس حکومت کا ہم بھی حصہ ہیں۔ تو کم از کم میں اور میری پارٹی یہ نہیں چاہتے کہ لوگ بے روزگار ہوں، لوگ سڑکوں پر آئیں یا لوگوں کو جو پہلے سہولت دی جا چکی ہے اس کو ختم کیا جائے۔ اس وقت تین وزراء صاحبان تشریف رکھتے ہیں اس پر عوام کو کوئی یقین دہانی کروائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! میں بالکل مختصر بات کرنا چاہ رہی ہوں۔ سینیٹر شہادت اعوان صاحب نے یہ بات کہی ہے کہ راستے میں اتنی نفری کھڑی تھی۔ کل بھی آپ نے دیکھا ہوگا کہ یہ ملازمین ہڑتال پر تھے۔ میرے خیال میں یہ احتجاج پر تشدد نہیں تھا لیکن احتجاج کا حق سرکاری ملازمین کا حق ہے۔ ایک سینیٹر نے مجھے مطلع کیا ہے کہ کل اسلام آباد پولیس نے کافی تشدد کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے احتجاج کرنے والے کافی ملازمین کو پکڑ کر مارا بھی ہے۔ تو اس تشدد کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہوتی۔ نہ وہ ملازمین مسلح تھے اور نہ انہوں نے کوئی ایسی حرکت کی جس کی وجہ سے آپ نے ان کو ریاستی تشدد کا نشانہ بنایا۔ ICT police کو کہا جائے کہ وہ اپنا ہاتھ ہولا رکھے۔ مجھے یہ سن کر شرم آ رہی ہے کہ احتجاجی ملازمین کے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے۔ بجائے اس کے کہ جہاں جہاں downsizing ہو رہی ہے ہم ان کے لیے کوئی golden handshake کی بات کریں۔ ہر کام کرنے کا ایک طریقہ ہوتا ہے۔ افراط زر لوگوں کی جیبوں کو بالکل کاٹ کر کھا رہا ہے۔ اس وقت ہمیں تھوڑا compassion دکھانا چاہیے۔ یہ ایسی صورت حال تو نہیں ہے کہ آپ لوگوں کو پکڑ کر مارنا شروع کر دیں۔ اگر وہ اپنے پرامن احتجاج کا حق استعمال کر رہے ہیں، Political opponents کے ساتھ تو ہوتا ہی ہے لیکن اب سرکاری ملازمین اور جو بھی public sector کے افراد وہاں پر کھڑے ہیں جو اپنا حق مانگ رہے ہیں۔ ان کے ساتھ بات چیت کی جائے بجائے اس کے کہ ان کو تشدد کا نشانہ بنایا جائے۔

Please get a report regarding this and see that this doesn't happen again.

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میرے فاضل colleagues کے concerns بالکل درست ہیں۔ جناب چیئرمین! سرکاری ملازمین ہمارا اثاثہ ہیں اور وہ حکومت کا لازمی جز ہیں۔ نظام حکومت انہوں نے ہی چلانا ہے۔ جہاں تک احتجاج کا تعلق ہے تو Islamabad Capital Territoryمیں ہم نے ہی ایک Law introduce کروایا ہے اور اسی ایوان سے پاس ہوا ہے۔ پر امن احتجاج ہر کسی کا حق ہے لیکن Sir, within the bounds of law, قانون جو حدود متعین کرتا ہے اس کے مطابق ہونا چاہیے۔ یہ بات بھی تکلیف دہ ہے کہ پاک سیکرٹریٹ پورے پاکستان کو services مہیا کرتا ہے۔ ملک کے طول و عرض سے، بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے، خیبر پختونخوا کے پہاڑوں سے، سندھ کے میدانوں سے اور جنوبی پنجاب سے لوگ یہاں پر کام کے لیے آتے ہیں۔ پاک سیکرٹریٹ کو hostage بنا دینا، یہ بھی ہمارے code of ethics or conductمیں نہیں لکھا ہوا ہے۔ وزیر خزانہ صاحب ان کے ساتھ engage ہیں۔ وزیراعظم صاحب نے ہدایت دی ہے کہ سرکاری ملازمین کے ساتھ proper engagement کرکے اس سارے معاملے کو حل کیا جائے۔ لیکن at the same time blackmailing بھی نہیں ہونی چاہیے کیونکہ حکومتیں اور ریاستیں اس طرح سے نہیں چلتی۔ ان کے جائز مطالبات سر آنکھوں پر ہیں۔

جناب چیئرمین! جہاں تک downsizingکا تعلق ہے۔ یوٹیلیٹی سٹورز کے بارے میں بھی بات ہوئی۔ ہمارے senior colleagueرانا تنویر حسین صاحب موجود ہیں وہ یوٹیلیٹی سٹورز پر بات کریں گے۔ جناب چیئرمین! ہر ایسی move میں وزیراعظم صاحب کی یہ ہدایت ہوتی ہے کہ جن employees کوgolden handshakeدینا ہے، جو سرپلس پول میں جائیں گے ان کے حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ ان کے لیے ہم نےcivil servant Actمیں کچھ ترامیم بھی تیار کرکے قومی اسمبلی کی Standing Committee میں pending ہیں۔ ان شاء اللہ العزیز ان کے حقوق کا پورا خیال رکھا جائے گا۔ حکومت کوشش یہ کر رہی ہے کہ civil Government پر جو non-developmentalاخراجات ہیں جن میں تنخواہیں اور pensions ہیں ان کو آہستہ آہستہ کم کرکے تاکہ وہ رقوم اور وسائل ملک میں صنعت کا پہیہ چلانے

کے لیے اور معیشت کا پہیہ تیز کرنے کے لیے استعمال کیے جائیں۔ جناب چیئرمین! اس کی وجہ سے ملازمتوں کے مواقع private sector میں نکلیں گے۔ دنیا میں معیشت کو آگے لے کر جانے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ اگر آپ کی صنعت ترقی کر رہی ہے، اگر آپ کے کھیت سونا اگل رہے ہیں، اگر آپ کے نوجوان پڑھ لکھ کر private sector میں contribute کر رہے ہیں تو اس کی وجہ سے ملک کی برآمدات بڑھتی ہیں۔ ملک میں مصنوعات کی کمی دور ہوتی ہیں تو یہ ایک mix model ہے۔ یقین کیجیے۔ آپ ہمارے allies ہیں۔ ہم پاکستان پیپلز پارٹی کی پالیسیوں سے بالکل آگاہ ہیں۔ اس لیے جب بھی کوئی major move ہوتی ہے تو وزیراعظم صاحب کی یہ ہدایت ہوتی ہے کہ وہ party to party interaction پر یقین رکھتے ہوئے اس سے بھی brief کیا جاتا ہے اور final decision لینے سے پہلے ہماری اتحادیوں کے ساتھ coordination کی جو کمیٹیاں بنی ہوئی ہیں ان میں پاکستان پیپلز پارٹی ہے، متحدہ قومی موومنٹ ہے، BAP کے ہمارے دوست ہیں، پاکستان مسلم لیگ (ن) ہے، استحکام پاکستان ہے اور دیگر ہمارے تمام ساتھی ہیں ان سب کو ان شاء اللہ العزیز confidence میں لے کر ہی مخلوط حکومت چلانے کا ایک طریقہ ہوتا ہے کہ آپ کے allies آپ کے ساتھ move کریں۔ ان شاء اللہ العزیز اچھا حل ہوگا۔ جس طرح محترمہ شیری رحمان صاحبہ نے ملازمین کے بارے میں فرمایا۔ کل خبرنامے میں بھی اور صبح میں نے اخبار بھی پڑھا ہے۔ کوئی ایسا بڑا واقعہ رونما نہیں ہوا ہے لیکن اگر کوئی ہوا ہے تو

I will take it up with the Secretary of Interior as well as Inspector General of Police Islamabad and Chief Commissioner Islamabad I will get back to you this afternoon.

جناب چیئرمین! آپ نے مجھے ناراض دوستوں کو منانے کے لیے بھیجا تھا تو شاید ان کو معلوم ہوگیا ہے کہ ابھی معاملات سمٹ جانے ہیں۔ تو میں جب لابی میں گیا تو میری ملاقات صرف دو احباب سے ہوئی تو انہوں نے کہا کہ ہماری بھی ابھی flights ہیں تو ہماری ناراضگی دور سمجھیں لیکن ہم اندر نہیں آ سکتے۔ انہوں نے ائرپورٹ پہنچنا تھا۔ جناب چیئرمین کئی مرتبہ اس بائیکاٹ میں اور بھی کچھ معاملات ہوتے ہیں۔ کچھ اپنے روز و شب بھی اس میں involve ہوتے ہیں۔ کچھ

personal چیزیں بھی شامل ہوتی ہیں۔ تو بہر کیف میں ایوان کا پیغام لے کر گیا تھا۔ اچھے موڈ میں گفتگو ہو گئی تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں جی، اچھا ہے اگر اپوزیشن یہاں رہے گی۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یوٹیلیٹی اسٹورز کے معاملے پر بات کرنے کے لیے رانا صاحب موجود ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رانا صاحب! آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

**Rana Tanveer Hussain, Federal Minister for Industries & Production**

رانا تنویر حسین: جناب! چونکہ شہادت اعوان صاحب نے ایک پوائنٹ اٹھایا ہے۔ یوٹیلیٹی اسٹورز کا مسئلہ کافی دیر سے پارلیمنٹ کے فورم پر، چاہے قومی اسمبلی ہو یا سینیٹ ہو، اس پر take up ہو رہا ہے۔ پچھلے دنوں میں قومی اسمبلی میں اس پر کافی بحث ہوئی، راجہ پرویز اشرف صاحب تھے، نوید قمر صاحب تھے، سب نے اس issue کو اٹھایا تھا۔ اس میں یہ تھا کہ ہم اس کو wind up کر رہے ہیں، اس کو بند کر رہے ہیں۔ ان کا یہ point تھا کہ منسٹر صاحب نے یہ assurance دی تھی کہ اس کو ہم بند نہیں کرنے جا رہے لیکن ہمیں پتا چلا ہے کہ کابینہ میں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ اس کو بند کر دیا جائے۔ وہاں میں نے بتایا کہ میں آج بھی کہتا ہوں کہ اس کو ہم wind up نہیں کر رہے، بند نہیں کر رہے لیکن اس کی restructuring کر کے، اس کو privatize یا public private partnership پر لے کر جا رہے ہیں تاکہ اس کی performance اور efficiency بڑھے۔ پچھلے عرصے میں یا over a decade یوٹیلیٹی اسٹورز کا جو حال ہوا ہے، اس کی جو performance یا delivery ہے، وہ بالکل bottom پر چلی گئی ہے۔ وہاں پر mismanagement ہے، کرپشن ہے، وہاں پر جب کوئی package یا subsidy دیتے ہیں، almost 50 billions کی subsidy دیتے ہیں، رمضان پیکج کے حوالے سے بھی پچھلے سال ہم نے کوئی 17 ارب روپے دیے تھے۔ اس طرح وہ relief لوگوں تک نہیں پہنچتا جس طرح حکومت کا ایک مطمع نظر ہوتا ہے کہ رمضان کے مبارک مہینے کے دوران غریب لوگوں کو سستی چیزیں ملیں تاکہ وہ روزوں کا مہینہ آسانی سے گزار سکیں۔ اس کو مد نظر رکھتے ہوئے، پرائم منسٹر صاحب اس سال رمضان پیکج کو 20 ارب پر لے گئے ہیں۔ دوسرے صوبے بھی اسی ماڈل پر جا رہے ہیں کہ انہوں

نے cash transfer پر کیا ہے بجائے اس کے کہ وہاں پر دھکم پیل ہو۔ پہلے ان کی کوالٹی بھی compromised تھی، آٹا تھا، چینی تھی، دوسری چیزیں تھیں، ان کی کوالٹی اس طرح کی نہیں ہوتی تھی جس طرح کی ہونی چاہیے۔

اس چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک substantial amount صوبائی حکومتیں دے رہی ہیں، حکومت پنجاب دے رہی ہے، حکومت سندھ دے رہی ہے اور حکومت خیبر پختونخوا دے رہی ہے، غرض سارے صوبے دے رہے ہیں۔ اسی طرح وفاقی حکومت کی سطح پر بھی پرائم منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ آپ cash transfer کریں۔ وفاقی حکومت ان لوگوں کو cash transfer دے رہی ہے جو BISP سے یا کسی اور وفاقی ادارے سے اس طرح کی امداد نہیں لے رہے، اس سے باہر ہیں اور مستحقین ہیں۔ وہ لوگ چالیس لاکھ کے قریب ہیں جن کے لیے وفاقی حکومت کر رہی ہے۔ باقی صوبے بھی کر رہے ہیں۔ لہٰذا، وہ ایک بہت اچھا اور transparent پروگرام ہے۔ اس میں نہ قطار ہے اور نہ انتظار ہے۔ ان کے اکاؤنٹ میں رقم جائے گی۔ ہم نے digital wallet بنائے ہیں جو ایک بہت بڑے level پر ہو رہا ہے۔ میں کہوں گا کہ یہ کام پہلی مرتبہ ہو رہا ہے، میرے خیال میں شاید ہمارے region میں بھی نہیں ہے۔ پاکستان میں IT والوں نے اور BISP والوں نے اسے create کیا ہے جس کے نتیجے میں یہ پیسے مستحق لوگوں کے accounts میں چلے جائیں گے۔

جہاں تک انہوں نے بندے نکالے جانے کی بات کی ہے تو جو daily wages پر ہیں، یہاں restructuring کی بات ہوئی، ایسے اسٹورز ہیں جو 6X8 یا 6X9 سائز کی چھوٹی چھوٹی جگہوں پر کھلے ہوئے ہیں۔ اس کے پیچھے background کیا ہے، کوئی political background تھی یا اور چیزیں تھیں، اس طرح daily wages پر بھی بہت سارے لوگ تھے جو daily wages پر آتے تھے اور کام کرتے تھے۔ جو permanent ہیں، جو contract پر ہیں، ان کا status تو totally different ہے۔ جب ہم اس privatization یا پھر public private partnership کے process میں جائیں گے، جو بھی privatize کرنے کا طریقہ کار ہوگا تو اس وقت ensure کریں گے کہ انہیں کوئی lay off نہ کرے، انہیں کوئی نکال نہ سکے۔ یہ agreement ہوگا اور اس کی یہ شق ہوگی جو کہ binding ہوگی۔ اس لیے ہم اس حوالے سے بہت sensitive ہیں۔ ہماری پارٹی پاکستان

مسلم لیگ (ن) بھی یہی چاہتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ jobs create کی جائیں اور لوگوں کو زیادہ سے زیادہ jobs ملیں۔ اس کا طریقۂ کار یہی ہے کہ ہماری industry, flourish کرے، industrialization ہو اور تبھی opportunity ملے گی۔ حکومت لوگوں کو اس طرح employment نہیں دے سکتی جب تک کہ ہمارے ہاں industrialization نہ ہو، نئی industry نہ لگے، ہم دوسرے agriculture sectors کے حوالے سے mechanized form میں نہ جائیں اور اس کو flourish نہ کریں۔ للذا، وہاں پر opportunity ہوتی ہے جو کہ large scale پر ہوتی ہے اور millions of jobs کی صورت میں ہوتی ہے۔ اگر ہم حکومتی سطح پر دفتروں کو crowded کرتے رہیں گے تو اس سے efficiency بھی متاثر ہوتی ہے۔

آج IT کا زمانہ ہے، ہم digitalization کی طرف چلے گئے ہیں۔ حکومت اب e-filing پر چلی گئی ہے۔ پرائم منسٹر صاحب کی directions پر ہمارے ہاں وزارتوں میں 100 فیصد e-filing ہو گئی ہے۔ آج case management system پر بھی جناب وزیر قانون صاحب ایک پروگرام launch کرکے آئے ہیں۔ حکومت نے ایک سال میں بے انتہا progress کی ہے اور ہر شعبے میں ہم reforms لائے ہیں۔ ہم restructuring کر رہے ہیں۔ آج بھی ہمارے پاس ملک کے کچھ top industrialists آئے ہوئے تھے، انہوں نے کہا کہ پرائم منسٹر صاحب! جب سے آپ نے یہ کام شروع کیا ہے تو ہمیں یقین نہیں آتا تھا کہ یہ ہوگا کیونکہ پچھلی حکومتیں گاہے بگاہے یہ پروگرام لے کر چلتی رہیں، restructuring کا، rightsizing کا اور reforms کا تو آج یہ چیزیں materialize ہو رہی ہیں اور واقعی visible ہیں۔ ہر شعبے میں بہتری آ رہی ہے، چاہے economic policies کے ذریعے، چاہے زراعت کا شعبہ ہو، چاہے انڈسٹری کا شعبہ ہو یا چاہے دوسرے sectors ہوں، ہر شعبے میں آپ کو بہتری نظر آ رہی ہے۔ تمام economic indicators آپ کو نظر آتے ہیں۔

دنیا کے جتنے مالی ادارے ہیں، آج وہ بھی appreciate کر رہے ہیں، خراج تحسین پیش کر رہے ہیں اور تعریفیں کر رہے ہیں کہ Pakistan is moving in the right direction. We will In Sha Allah get the goal and achieve

the target. میں شہادت صاحب کو یقین دلاتا ہوں، وہ معزز سینیٹر ہیں اور میرے دوست بھی ہیں کہ ایسا کوئی کام نہیں ہوگا جس سے لوگ پریشان ہوں۔ ڈیلی ویجز کی بات الگ ہے، جب ہم ان اسٹورز کو بند کر رہے ہیں جو non-profitable ہیں اور جو بوجھ ہیں اس ادارے پر کیونکہ جب تک ہم اسے profitable نہیں کریں گے تو آگے اسے privatize کرنے کے لیے بھی اس کی position نہیں ہوگی۔ ہمیں احساس ہے ان لوگوں کا جو ہمارے permanent ملازم ہیں یا contract پر ہیں۔ ان شاءاللہ، ہم ان کے future کو safeguard کریں گے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Now, there is an announcement. The notices of questions which were received for the current session but have not been taken up in the House will not lapse on prorogation of the session and will be carried forward for the next session.

I will now read out the prorogation order received from the President of Pakistan:

> "In exercise of the powers conferred by Clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, hereby prorogue the Senate session on the conclusion of its business on Friday, the 21st February, 2025.
>
> Sd/-
> (Asif Ali Zardari)
> President
> Islamic Republic of Pakistan"

----------------

*[The House was then prorogued sine die]*

----------------